CAREERINDIA

**RR + PR**

## Code No. 85-U

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( Urdu Version)**

**( Old Syllabus )**

**( Regular Repeater + Private Repeater )**

عام ہدایات :

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 56 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) طلبہ پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی ( سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے )۔

vi) کثیر انتخابی (Multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو گُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

vii) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

viii) بائیں جانب کے حاشیئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے **چار** متبادل دیے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔صحیح متبادل چُنیں اور ہر سوال کے سامنے مہیا کردہ جگہ میں اس کے حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھیں۔ 15 × 1 = 15

1. مالگزاری نظام کے تحت کاشتکار مستقل طور پر زمین کے مالک بنے

(A) رعیت داری بندوبست (B) محل واری بندوبست

(C) زمینداری بندوبست (D) مستقل مالگزاری نظام

2. دستور کی مسودہ ساز کمیٹی کے صدر

(A) ڈاکٹر راجندر پرساد

(B) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر

(C) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(D) سروجنی نائیڈو

3. گوا کو پرتگالیوں سے آزاد کرالیا گیا سن

(A) 1954ء میں (B) 1963ء میں

(C) 1961ء میں (D) 1971ء میں

4. 1966ء میں چین میں ثقافتی انقلاب لانے کا مقصد

(A) منچوریہ سے جاپانیوں کو بھگا دینا

(B) منچو کے اقتدار کا خاتمہ کرنا

(C) بدھ مندروں کو برباد کرنا اور مذہبی عقیدے والوں کو مار دینا۔

(D) جمہوریت کو رائج کرنا



www.careerindia.com

CAREERINDIA



5. جرمنی کا آمر تھا

(A) ہٹلر (B) مسولینی

(C) ڈیگال (D) لینن

6. وہ اسکیم جو دیہی عورتوں کی ترقی کے لئے لاگو کی گئی

(A) سیویم سدھا

(B) راشٹریہ مہیلا ویموچنا

(C) بالیکا سمردھی یوجنا

(D) استری شکتی

7. خواتین کے عطائے اختیار کا سال قرار دیا گیا

(A) 2001ء

(B) 2005ء

(C) 1998ء

(D) 2004ء

8. سارک کا صدر دفتر واقع ہے

(A) کولمبو

(B) کٹھمنڈو

(C) ڈھاکہ

(D) دہلی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



9. ساحل کورومنڈل میں زیادہ بارش ہوتی ہے

(A) موسم گرما

(B) پسپا مانسون کا موسم

(C) موسم سرما

(D) جنوب مغربی مانسون کا موسم

10. مینگرو جنگلات کی معلق جڑ والے درخت کی بہترین مثال ہے

(A) صندل

(B) ساگواں

(C) برگد

(D) آم

11. پٹرولیم کو ''سیال سونا'' کہا جاتا ہے

(A) معاشی سرگرمیوں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے

(B) یہ مائع حالات میں ہوتا ہے

(C) یہ کثیر مقدار میں دستیاب ہے

(D) یہ سونے کے رنگ کا ہے

www.careerindia.com

CAREERINDIA



12. ہندوستان کا ''روز'' کہا جاتا ہے۔

(A) بہار

(B) مغربی بنگال

(C) چھوٹا ناگپور

(D) جھارکھنڈ

13. یہاں انڈین گرین اسٹورج سنٹر واقع ہے

(A) میسور

(B) بیدر

(C) گلبرگہ

(D) ہاپور

14. انڈسٹریل ڈیزائن سنٹر قائم کرنے کا مقصد

(A) ہندوستان کے حالات کے مطابق مشینوں کا خاکہ بنانا

(B) مالی امداد فراہم کرنا

(C) بازارکاری میں امداد فراہم کرنا

(D) تکنیکی امداد فراہم کرنا

www.careerindia.com

CAREERINDIA



15. کرناٹک میں انکولہ اس لئے مشہور ہوا کہ

(A) شراب کی دوکانوں پر دھر پکڑ (چھاپا)

(B) جنگل ستیہ گرہ

(C) نمک ستیہ گرہ

(D) جھنڈے کا ستیہ گرہ

II. مناسب جواب سے خانہ پُری کیجئے : 5 × 1 = 5

16. وہ پہلا ملک جس نے سمندری سفر کا بیڑہ اُٹھایا.......................

17. ہندوستان میں سب سے زیادہ بارش حاصل کرنے والا مقام ہے.......................

18. اشیاء کے بدلے اشیاء کے تبادلہ کو کہتے ہیں.......................

19. حکومت نے رشوت خوری کے خاتمے کے لئے ادارہ.......................قائم کیا۔

20. ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے افغانستان پر حملہ کرکے 2002 میں جس تنظیم کو شکست دی وہ تھی.......................

www.careerindia.com

CAREERINDIA



III. 21. درج ذیل فہرست ''الف''، کو ''ب''، میں دی گئی مناسبت سے جوڑ کر فراہم کی گئی جگہ پر اس کا صحیح جواب لکھئے :

5 × 1 = 5

| فہرست ''الف'' | فہرست ''ب'' |
|---|---|
| (a) آریہ سماج | (i) جیوتی باپھولے |
| (b) ستیہ شودھک سماج | (ii) 1950 |
| (c) علی گڑھ تحریک | (iii) دیانند سرسوتی |
| (d) ہندوستان کا دستور عمل میں آیا | (iv) سرسید احمد خاں |
| (e) ریزربینک آف انڈیا کا قیام | (v) ہندوستان کی آزادی کا ایکٹ (1947) |
| | (vi) گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ (1935) |
| | (vii) ڈاکٹر آتمارام پانڈورنگ |
| | (viii) سوامی ویویکانند |

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کا ایک جملہ میں جواب دیں : 9 × 1 = 9

22. جدید ریاست میسور کا معمار کسے کہتے ہیں ؟

23. چین میں منچو حکومت کا خاتمہ کرنے والے لیڈر کا نام لکھئے ۔

24. امریکہ دوسری عالمی جنگ میں کیوں شامل ہوا ؟

25. ویٹو ( Veto ) کے حق سے کیا مراد ہے ؟

26. کس کو امریکہ کا گاندھی کہا جاتا ہے ؟

27. انسانی حقوق کیوں ضروری ہیں ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



28. کس لئے ''سندربن'' نام دیا گیا ؟

29. ''تہ صفائی'' سے کیا مراد ہے ؟

30. سبز انقلاب سے کیا مراد ہے ؟

V. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 16 × 2 = 32

31. معاہدہ مدراس کی شرائط کیا تھیں ؟

32. رنجیت سنگھ کو سکھوں کا مشہور حکمران کیوں کہا جاتا ہے ؟

33. انگریزی حکومت کے دوران نقل و حمل کے میدان میں ترقی کے باعث ہندوستانیوں میں اتحاد کیسے پیدا ہوا ؟

34. ایسور کی ہندوستان چھوڑ تحریک کا واقعہ بیان کیجئے ؟

35. سردار ولبھ بھائی پٹیل نے حیدرآباد میں پولیس ایکشن کا فیصلہ کیوں کیا ؟

36. پہلی عالمی جنگ کے دوران حریفانہ معاہدوں کے بارے میں سمجھائیے ؟

37. AGMARK کو کیوں لازمی قرار دیا گیا ہے ؟

38. اقوام متحدہ کے اہم اداروں کے نام بتائیے ؟

39. ہندوستان کے دستور میں انسانی حقوق کا تحفظ کس طرح کیا گیا ہے ؟

40. مغربی ساحلی علاقہ اور مشرقی ساحلی علاقہ کے درمیان فرق واضح کیجئے ؟

41. کچھ باکسائٹ کے استعمالات لکھئے ؟

42. آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ سیمنٹ کی کھپت ملک کی ترقی کی علامت ہے ؟

43. آج کل اندرونی آبی راستے اپنی اہمیت کیوں کھو رہے ہیں ؟

44. چھوٹے پیمانے کی صنعتیں کس طرح کام انجام دے رہی ہیں ؟

45. تیسرے پنچ سالہ منصوبے کی ناکامی کے وجوہات بیان کیجئے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



46. ناوابستہ تحریک کی رہنمائی کن رہنماؤں نے کی ؟

VI. مندرجہ ذیل سوالوں کے چھ جملوں میں جواب دیں : 6 × 3 = 18

47. ہندوستان میں پرتگالی حکومت کے زوال کے اسباب کیا تھے ؟

48. 1857ء کے انقلاب کی ناکامی کے اہم اسباب کیا تھے ؟

49. عورتوں کی بہبودی کے لئے حکومت کی جانب سے اُٹھائے گئے اقدام کونسے ہیں ؟

50. مٹی کے کٹاو کی روک تھام (تحفظ) کے لئے کونسے طریقے اختیار کئے گئے ہیں ؟

51. مخلوط زراعت اور تجارتی زراعت کے درمیان فرق واضح کیجئے ؟

52. خردہ فروش تاجروں کی اہم خدمات کیا ہیں ؟

VII. درج ذیل سوالوں کے تقریباً آٹھ جملوں میں جواب دیں : 3 × 4 = 12

53. ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں سبھاش چندر بوس کے کارناموں کی تشریح کیجئے۔

54. ہندوستان اور روس کے درمیان بہترین تعلقات ہیں۔ بیان کیجئے ؟

55. ہندوستان کی زراعت کی پس ماندگی کے وجوہات کیا ہیں ؟

VIII. 56. ہندوستان کا نقشہ کھینچیں اور درج ذیل کی نشاندہی کریں : 1 + 3 = 4

(a) دریائے کاویری

(b) بھاکرانگل منصوبہ

(c) کانڈلہ

**صرف نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 56 کی جگہ)**

ہندوستانیوں کی زندگی میں کوہ ہمالیہ کیا اہم کردار نبھا رہا ہے ؟ 4

www.careerindia.com